OMNY

اپنے ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ

کے بارے میں کیا جاننا چاہیے

MTA

یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو آپ کو ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ کو اپنی سبوے اور بس پر سواری کرنے کے لیے ٹیپ کر کے استعمال کرنے کے لیے جاننے کی ضرورت ہے۔

اس میں لوڈ کیسے ڈالیں

اپنے ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ میں کئی مقامات پر نقد رقم، کریڈٹ یا ڈیبٹ کے ذریعے لوڈ ڈالیں، بلکل میٹرو کارڈ کی طرح۔

- سبوے اسٹیشنز پر اومنی ویںڈنگ مشین:
  omny.info/omny-card
- آپ کے قریب اسٹورز بشمول CVS اور وال گرینز:
  omny.info/retail
- اومنی اکاؤنٹ کے ساتھ آن لائن:
  omny.info

مفت اومنی کیسے حاصل کریں

رجسٹر کرنے کے لیے **omny.info** ملاحظہ کریں۔

بیلنس کو چیک یا ریلوڈ کرنے، خودکار ریلوڈ کو فعال کرنے، اپنے سفر کو ٹریک اور مزید بہت کچھ کرنے کے لیے اپنے اومنی کارڈ کو اپنے اکاؤنٹ سے بطور ٹریول کارڈ منسلک کریں۔

ٹیپ کر کے استعمال کرنے کے لیے آپ کو اومنی اکاؤنٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

اپنے میٹروکارڈ بیلنس کو کیسے منتقل کریں

ایک MTA کسٹمر سروس سنٹر یا موبائل سیلز وین پر تشریف لائیں۔

اگر آپ اسے کھو دیں

متبادل کارڈ کے لیے کسٹمر سروس سنٹر یا موبائل سیلز وین پر تشریف لائیں۔ آپ کے نئے کارڈ میں اس وقت تک کا بقیہ بیلنس برقرار رہے گا جس وقت آپ نے اس کی گمشدگی کی اطلاع دی۔

اپنے گمشدہ یا چوری کارڈ کو فوری طور پر فریز کرانے کے لیے، کارڈ نمبر کے ساتھ اومنی کال سنیٹر پر کال کریں یا کارڈ کے اومنی اکاؤنٹ سے منسلک ہونے کی صورت میں **omny.info** ملاحظہ کریں۔

اسے کیسے استعمال کریں

اپنے ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ کو MTA سبویز اور بسز، اسٹیٹن آئیلینڈ ریلوے، روزویلٹ آئیلینڈ ٹریم اور ہڈ سن ریل لنک پر ٹیپ کر کے استعمال کریں۔

اگر آپ سات دنوں میں اپنے ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ کو 12 مرتبہ سفر کی ادائیگی کے لیے استعمال کرتے ہیں، تو سات دن کے اس دورانیے میں دیگر تمام سفر مفت ہوں گے۔

آپ ریڈیوسڈ فیئر اومنی کارڈ کو صرف اپنی سواری کی ادائیگی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر ٹیپ کرنے پر آپ کا کارڈ قبول نہ ہو، تو اپنا بیلنس چیک کریں۔ اگر اسکرین یہ پیغام ظاہر کرے کہ "سواری کی حد سے تجاوز ہو گیا ہے" (Ride Limit Exceeded)، تو اس کا مطلب ہے یہ کہ آپ نے حالیہ طور پر اسی اسٹیشن پر ٹیپ کر کے استعمال کیا ہے اور دوبارہ ٹیپ کرنے کے لیے 15 منٹ کا انتظار کرنا ہو گا۔

OMNY

ہم سے رابطہ کریں

- اپنے قریب 15 سبوے اسٹیشن میں سے کسی ایک پر کسٹمر سروس سنٹر تلاش کریں:
  یا **511** پر کال کریں **mta.info/csc**

- لوئر مینہیٹن میں 3 اسٹون اسٹریٹ پر واقع کسٹمر سروس سینٹر پر پیر - جمعہ، صبح 9 تا شام 5 تشریف لائیں.

- اومنی کال سینٹر کو **877-789-6669** پر کال کریں

- اپنے علاقے میں ہماری موبائل سیلز ٹیم سے ملیں:
  mta.info/mobilesales

مزید جانیں

mta.info/omny